پری فزیبلیٹی تحقیق

(نمک کی مصنوعات)

SMEDA

سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی

وزارت صنعت و پیداوار

حکومت پاکستان

www.smeda.org.pk

ہیڈ آفس

فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر 3، ایوانِ اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور۔

فون 92 42 111 111 456

فیکس 92 42 36304926-7

helpdesk@smeda.org.pk

ریجنل آفس پنجاب

بلڈنگ نمبر 3، فلور 3، ایوان اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور

ٹیلی فون: (042) 111-111-456

فیکس نمبر: (0423) 36304926-7

helpdesk.punjab@smeda.org.pk

ریجنل آفس سندھ

بحریہ کمپلیکس 2، فلور 5، ایم ٹی خان روڈ، کراچی

ٹیلی فون: (021) 111-111-456

فیکس نمبر: (021) 35610572

helpdesk-sindh@smeda.org.pk

ریجنل آفس خیبر پختونخوا

گراؤنڈ فلور، سٹیٹ لائف بلڈنگ، دی مال، پشاور

ٹیلی فون: (091) 9213046-47

فیکس نمبر: (091) 5286908

helpdesk-khyberpakhtunkhawa@smeda.org.pk

ریجنل آفس بلوچستان

بنگلو نمبر: 15-A، چمن ہاؤسنگ سکیم، ایئرپورٹ روڈ، کوئٹہ

ٹیلی فون: (081) 2831623, 2831702

فیکس نمبر: (081) 2831922

helpdesk-balochaistan@smeda.org.pk

نوٹ: سمیڈا کی جانب سے وزیراعظم یوتھ بزنس لون سے متعلقہ تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

نمبر شمار	فہرست عنوانات	صفحہ نمبر
1	اظہار لاتعلقی	2
2	دستاویز کا مقصد	2
3	سمیڈا کا تعارف	2
4	سکیم کا تعارف	2
5	اجمالی جائزہ	3
6	کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان	3
7	انتہائی قابل توجہ امور	4
8	ابتدائی و عملی استعداد	4
9	سرمایہ کاری کے لیے جغرافیائی مواقع	4
10	متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے	4
11	منصوبے کی کُل لاگت کا خلاصہ	4
11.1	معاشی کیفیت	5
11.2	درکار سرمایہ	5
11.3	کُل لاگت کاروبار	5
11.4	درکار زمین	6
11.5	مشینری اور آلات	6
11.6	فرنیچر و دفتری آلات	7
11.7	درکار خام مال	7
11.8	درکار افرادی قوت	7
11.9	آمدن۔متوقع آمدن اور پیداوار	8
11.10	متفرق لاگتیں	8
12	ماہرین و مشیران	8
13	ضمیمہ جات	9
13.1	آمدن کا گوشوارہ (انکم سٹیٹمنٹ)	9
13.2	اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ)	10
13.3	گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو)	11
13.4	سودمند انتظامی تجاویز	12
13.5	کارآمد روابط	12
14	کلیدی مفروضے	13

نوٹ: سمیڈا کی جانب سے پرائم یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

1۔ اظہارِ لاتعلقی (DISCLAIMER)

یہ معلوماتی مواد اس کاروبار کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کی نیت سے شائع کیا گیا ہے۔ اگرچہ اس مواد کے لئے مختلف قابل اعتماد ذرائع سے معلومات لی گئی ہیں۔ البتہ اس میں کئی مفروضات بھی ہیں جو مختلف حالات میں مختلف نتائج دے سکتے ہیں۔ یہ معلومات جو ہے جیسے ہے کی بنیاد پر دی گئی ہیں جس میں سمیڈا، اس کے ملازمین یا عہدیداران معلومات کی صحت کے ذمہ دار نہیں ہیں۔ البتہ اس کام کو کرتے ہوئے ہر ممکن احتیاط برتی گئی ہے۔

اضافی معلومات حاصل کرنے کے لئے ممکنہ سرمایہ کار کی حوصلہ افزائی کی جائے گی جو کہ فیصلہ سازی کے عمل میں ضروری ہے۔ ممکنہ سرمایہ کار کو دی گئی معلومات پر عمل کرنے سے قبل مستند مشاورت کار یا ماہرین سے پیشہ ورانہ مشورہ کرنے کی بھی ضرورت ہے۔

اس کاروبار سے متعلق تفصیلی رپورٹ SMEDA نے تیار کی ہے۔ SMEDA کی طرف سے خدمات اور متعلقہ معلومات کے حصول کے لئے SMEDA کی ویب سائٹ www.smeda.org.pk پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

2۔ دستاویز کا مقصد (PURPOSE OF THE DOCUMENT)

کاروبار کے ممکنہ امکانات کی تحقیق کا مقصد بنیادی طور پر اپنا کاروبار شروع کرنے والوں کے لئے سرمایہ کاری کے مناسب شعبوں کی نشاندہی ہے۔ اس پراجیکٹ کی پری فزیبلٹی کے ذریعے کسی کاروباری تصور کی وضاحت، اس کے آغاز، تکمیل اور متوقع منافع کے حصول کے لئے مناسب اور ضروری امور کی وضاحت اور احتیاطوں سے باخبر کرنا ہے۔

زیرِ نظر دستاویز میں نمک کی مصنوعات کا کارخانہ قائم کرنے والوں کے لئے اس کاروبار کی اجمالی معلومات مہیا کی گئی ہیں تاکہ وہ سرمایہ کاری میں نازک فیصلے کرتے ہوئے درست اقدامات کر سکیں۔

کاروبار کی ایسی اقسام ہیں جہاں پر لکھت پڑھت بہت کم یا بالکل نہیں ہوتی، عام طور سے لکھی ہوئی ہدایات میسر بھی نہیں ہیں۔ لہٰذا اس کام کے آغاز کے لئے زیادہ تحقیق کرنی پڑتی ہے۔ اس دستاویز میں یہی کاوش کی گئی ہے کہ ایسے کاروبار جن کا دارومدار چند خاص اصولوں کی پاسداری پر ہوتا ہے جیسے کہ موجودہ کامیاب کاروباریوں کی عادات کو اپنانا اور ان کاروباری امور کا خیال رکھنا جو ایک کامیاب کاروبار کرنے کے لئے غیر تحریری قانون کی سی حیثیت رکھتے ہیں۔

اس معلوماتی مواد کے بغور مطالعے کے ساتھ ساتھ قاری کو بعد ازاں فراہم کی جانے والی ان تنقیدی معلومات پر بھی نظر رکھنی چاہیے جو کسی بھی کاروباری سرمایہ کاری کی بنیاد ہیں۔

3۔ سمیڈا کا تعارف (INTRODUCTION TO SMEDA)

سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (SMEDA) کا قیام اکتوبر 1998ء میں چھوٹے کاروبار کے فروغ کے ذریعے معیشت کو مضبوط بنانے کے تصور کی خاطر چھوٹے کاروباریوں کے قیام کے ذریعے سے تکمیل کے لئے عمل میں لایا گیا۔

چھوٹے کاروباروں کے فروغ، ان کی تعداد اور استعداد میں اضافے کے ذریعے سے قومی آمدنی کو بہتر بنانے کے لئے سمیڈا نے شعبہ جاتی تحقیق کا کام کیا ہے جس میں چھوٹے کاروبار کا تعارف، ان کا طریقہ کار، سرمائے کے حصول کے مواقع، کاروبار جمانے کے لئے معلومات، منڈیوں اور صارفین تک رسائی و فراہمی، تکنیکی پلان مہیا کرنے، ادارہ جاتی تعاون اور نیٹ ورک کے ذریعے رابطہ شامل ہیں۔ وزیرِاعظم کے قرضہ سکیم کے تحت سمیڈا کاروبار شروع کرنے والوں کو فروغ کاروبار کی سہولیات بھی مہیا کر رہی ہے۔ جس میں متعلقہ شعبے کے ماہرین اور مشیران کا تعارف اور ان سے مشورہ کرنے کے مواقع فراہم کرنا شامل ہیں۔ اس کام کے لئے سمیڈا میں معلوماتی کاؤنٹرز قائم کئے گئے ہیں۔

4۔ سکیم کا تعارف (INTRODUCTION TO SCHEME)

وزیرِاعظم کی جانب سے نوجوانوں کے لئے قرضہ سکیم کا اجراء نوجوان کاروباری افراد کے لئے پانچ ارب روپے کی لاگت سے وزیرِاعظم کی جانب سے شروع کی گئی ''چھوٹے کاروباری قرضوں کی سکیم'' (Prime Minister Youth Bussiness Loan) برائے سال 14-2013ء کا مقصد نامزد کردہ مالیاتی اداروں کے ذریعے رواں

نوٹ: سمیڈا کی جانب سے پرائم یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

سال میں ایک لاکھ افراد کو 8 فیصد مارک اپ پر قرضہ مہیا کرنا ہے اور ابتدائی طور پر کام نیشنل بینک آف پاکستان اور فرسٹ وویمن بینک لمیٹڈ کے ذریعے انجام دیا جائے گا۔
آٹھ سال تک کی معیاد کے لئے اور 10:90 تناسب کا قرضہ (Debt) اور ذاتی سرمایہ (Equity) کے ساتھ چھوٹے کاروباری قرضے پاکستان بھر میں SME مالکان کو دیئے جائیں گے جس میں پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان، گلگت بلتستان، آزاد جموں وکشمیر اور فاٹا کو متناسب نمائندگی دی جائے گی۔
روزگار کے مواقع فراہم کرنے اور قومی آمدنی میں اضافے کے لئے چلنے والی اس سکیم کا مقصد چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے کی ترقی کو یقینی بنانا ہے۔
سکیم کے تحت چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے میں وسعت اور مقابلے کے رجحان کے لئے حکومت ہر ممکن معاونت فراہم کررہی ہے۔ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو ترقی دینے کے ادارے SMEDA نے وزیراعظم کی ہدایت پر پچاس سے زائد شعبوں کی نشاندہی کی ہے۔
تاہم سکیم کا دائرہ کار صرف انہی پچاس قسم کے کاروبار تک محدود نہیں ہے۔ کاروباری افراد کسی بھی بہتر منصوبے کی نشاندھی کر سکتے ہیں۔ SMEDA کاروبار کی منصوبہ بندی کیلئے ہر طرح کی تکنیکی رہنمائی فراہم کر رہا ہے اور اس سلسلے میں ادارے کی ویب سائٹ www.smeda.org.pk سے استفادہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

5۔ اجمالی جائزہ (EXECUTIVE SUMMARY)

تجویز کردہ منصوبہ نمک سے بنی ہوئی مصنوعات کی تیاری اور فروخت سے متعلق ہے۔ ان مصنوعات میں نمک سے بنے ہوئے لیمپ، شمع دان اور غسل کا صابن شامل ہیں۔ مزید یہ کہ نمک کی اینٹیں، ٹائلیں اور بلاک وغیرہ بھی تیار کئے جاسکتے ہیں۔ نمک سے بنی ہوئی مصنوعات کی دنیا بھر میں مقبولیت کے بہت سے اسباب ہیں تاہم ان کا صحت کے لیے مفید ہونا اور خوبصورت ہونا ان کی مقبولیت کے دو بڑے اسباب ہیں۔ نمک کی مصنوعات کو ان کے مفید استعمال برائے علاج اور صحت مندانہ اثرات کی وجہ سے جانا جاتا ہے اسی طرح ان کو آرائشی مقاصد کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے کیونکہ ان کے رنگ اور بناوٹ مخصوص ہوتے ہیں۔ نمک سے بنی مصنوعات کی مغربی مما لک میں مانگ بڑھ رہی ہے۔ اس کی وجہ ان کا صحت پر مثبت اثرات اور بیماریوں سے بچاؤ جیسے عوامل ہیں۔ پاکستانی نمک کی مصنوعات کو دنیا بھر میں ان کے رنگوں اور بناوٹ کی وجہ سے پسند کیا جاتا ہے۔ ہمارے ملک میں دنیا کے سب سے بڑے نمک کے ذخائر موجود ہیں اور بین الاقوامی مارکیٹ میں اس کی مانگ روز بروز بڑھ رہی ہے چونکہ خام مال اور سستی افرادی قوت ہر وقت دستیاب ہوتی ہے اسی لیے اس کاروبار کو شروع کرنے کی زبردست حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ نمک کی مصنوعات تیار کرنے کے یونٹ میں کل درکار سرمایہ 1.44 ملین روپے ہے جس میں سے مستقل لاگت 0.86 ملین روپے اور ابتدائی گردشی سرمایہ 0.58 ملین روپے درکار ہوں گے۔ کل سرمایہ کا 10 فیصد سرمایہ کار جبکہ بقیہ 90 فیصد بینک فراہم کرے گا۔ سرمائے کی موجودہ قدر حاصل (NPV) 6.68 ملین روپے اور اندرونی شرح منافع (IRR) 47 فیصد اور کل لاگت کی مدت واپسی (Payback Period) 3.03 سال متوقع ہے۔ اس سرمایہ کاری سے 11 لوگوں (بشمول مالک/ منیجر) کو روزگار فراہم ہوگا سرمایہ کاری پر زیادہ منافع اور کاروبار کی ترقی کے لیے سرمایہ کار کا تجربہ اور تعلیم اہم کردار ادا کرتے ہیں۔
اس تحقیق میں اس کاروبار سے متعلق تمام معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

6۔ کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان (BRIEF DESCRIPTION OF PROJECT & PRODUCTS)

تجویز کردہ منصوبہ نمک سے بنی مصنوعات کے کارخانے کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔ نمک سے بنی مصنوعات کی دنیا میں مانگ کی کئی وجوہات ہیں لیکن ان کا زیبائش اور صحت پر ان کے مثبت اثرات دو ایسے محرکات ہیں جو ان اشیاء کی دنیا میں فروخت کی نمایاں وجہ ہے۔ ان مصنوعات میں نمک سے بنے لیمپ، شمع دان، غسل کے صابن، نمک کی اینٹیں اور بلاک وغیرہ شامل ہیں۔ یہ کاروباری منصوبہ بلاواسطہ برآمدات کی مد میں بنایا گیا ہے (ایجنٹ یا ڈسٹری بیوٹر کے ذریعے)۔
اس کاروبار کی کل سرمایہ کاری 1.44 ملین روپے ہے۔ نمک کی مصنوعات بنانے کے لیے 5 فٹ کی استعداد کی 2 لیتھ مشینیں، ایک آری (24 انچ لمبائی) رگڑائی کی مشین، ڈرل اور بلور وغیرہ درکار ہوں گے اور یہ منصوبہ 120,000 مصنوعات ہر سال بنانے کی گنجائش کا حامل ہوگا۔ مالک/ منیجر کے بشمول یہ کاروبار 11 لوگوں کو براہ راست روزگار فراہم کرے گا۔ نمک کی مصنوعات کی تیاری کے اس کام کے لیے تقریباً 1 کنال جگہ درکار ہے۔ جس کا ماہانہ کرایہ اندازاً 30,000 روپے ہوگا۔

7۔ انتہائی قابلِ توجہ امور (CRITICAL FACTORS)

☆ سرمایہ کار کا کاروبار سے متعلق علم و تجربہ ہونا اور بین الاقوامی منڈی میں نمک کی مصنوعات کی معلومات رکھنا۔

☆ بہتر انتظامی اُمور قائم رکھنا اور تربیت کے ذریعے اپنی استعداد کار کو بڑھانا، منافع اور کاروبار کی ترقی کے لیے اہم ہیں۔

☆ ہنر مند افرادی قوت کا انتظام بہم رکھنا اور کسی بھی قسم کے نقصان سے بچنا۔

☆ حفاظتی انتظامات کا خیال رکھنا جیسے کہ بچاؤ کے ماسک، ہواداری وغیرہ

☆ خام مال کو پانی سے بچا کر رکھنا بھی ضروری ہے۔

8۔ ابتدائی و عملی استعداد (INSTALLED & OPERATIONAL CAPACITIES)

تجویز کردہ منصوبہ 2 لیتھ مشینیں، ایک آری کے حامل پیداواری کارخانہ کے لیے ہے جس سے 8 گھنٹے کی ایک شفٹ میں کام کر کے یومیہ 400 نمک کی مصنوعات تیار کی جائیں گی۔ یہ کارخانہ براہ راست 11 افراد کو روزگار فراہم کرے گا جو کہ 50 فیصد موجودہ استعداد کو استعمال کرتے ہوئے ایک سال میں تقریباً 60,000 نمک کی مصنوعات تیار کر سکے گا۔ جبکہ 95 فیصد استعداد کو استعمال کرتے ہوئے یہ کارخانہ دسویں سال میں 114,000 مصنوعات تیار کر سکتا ہے۔

9۔ سرمایہ کاری کیلئے جغرافیائی مواقع (GEOGRAPHICAL POTENTIAL FOR IVESTMENT)

اس قسم کا کارخانہ نمک کی کانوں کے قرب و جوار میں مثلاً کھیوڑہ، ضلع جہلم، کالا باغ اور ورچھا ضلع میانوالی کے علاقوں میں لگانا مناسب ہے تا کہ وافر مقدار میں نمک اور افرادی قوت کی دستیابی سے فائدہ اٹھایا جا سکے۔

10۔ متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے (POTENTIAL TARGET MARKETS / CITIES)

نمک سے تیار کردہ مصنوعات کو عام طور سے یورپی ممالک مثلاً انگلستان، جرمنی، اٹلی، فرانس اور سپین وغیرہ کے علاوہ ایشائی ممالک مثلاً کوریا، جاپان اور آسٹریلیا میں بھی برآمد کیا جا سکتا ہے۔

11۔ منصوبے کی کل لاگت کا خلاصہ (PROJECT COST SUMMARY)

وزیر اعظم یوتھ بزنس لون سکیم کے تحت اس منصوبے کے قیام و انتظام کے لئے ایک تفصیلی خاکہ وضع کیا گیا ہے جس سے اس کی متوقع کامیابی کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ اس میں مختلف تصورات کے ذریعے کاروبار کو درپیش مختلف مسائل کی صورت میں آمدنی کے امکانات کا جائزہ بھی لیا گیا ہے۔

11.1۔ معاشی کیفیت (PROJECT ECONOMICS)

اس یونٹ میں سالانہ 120,000 نمک کی مصنوعات بنانے کی صلاحیت ہوگی لیکن موجودہ استعداد کا 50 فیصد استعمال کرتے ہوئے 60,000 مصنوعات بنائی جائیں گی۔

درج ذیل جدول اندرونی شرح منافع، کل لاگت کی مدت واپسی اور موجودہ قدر حاصل کی تفصیلات مہیا کرتا ہے۔

جدول نمبر 1: معاشی کیفیت

مندرجات	تفصیل
اندرونی شرح منافع (IRR)	47 فیصد
کُل لاگت کی مدت واپسی (Payback Period)	3.03 سال
موجودہ قدر حاصل (NPV)	6,684,395 روپے

منصوبے کے منافع کا دارومدار مستقل گاہک، خام مال (نمک) کی ماہرانہ خریداری اور بروقت آرڈر کی ترسیل پر ہے۔ مصنوعات کا اعلیٰ معیار ماہر افرادی قوت پر منحصر ہے جو کہ اس کے معیار کو برقرار رکھ سکیں۔

11.2۔ درکار سرمایہ (PROJECT FINANCING)

درج ذیل جدول مطلوبہ ذاتی سرمایہ اور بینک کے قرضہ سے متعلقہ چیزوں کے بارے میں بتائے گا۔

جدول نمبر 2: درکار سرمایہ

مندرجات	تفصیل
کُل ذاتی سرمایہ (10 فیصد)	144,033 روپے
بینک کا قرضہ (90 فیصد)	1,296,294 روپے
سالانہ شرح منافع	8 فیصد
قرض کا دورانیہ	8 سال
رعایتی مدت	1 سال

11.3۔ کُل لاگت کاروبار (PROJECT COST)

مجوزہ منصوبے کی مکمل لاگت کی تفصیل جدول نمبر 3 میں درج ہے۔

جدول نمبر 3: کل لاگت کاروبار

مستقل سرمایہ	روپے
مشینری	724,000
فرنیچر و لوازمات	69,500
دفتری سامان	51,000
قبل از عمل اخراجات	20,000
کل مستقل سرمایہ	**864,500**
ابتدائی گردشی سرمایہ	

نوٹ: سمیڈا کی جانب سے پرائم یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

مشینری اور آلات کیلئے انونیٹری	12,500
درکار خام مال	340,800
پیشگی کرایہ	120,000
نقد رقم	102,527
کل گردشی سرمایہ	**575,827**
منصوبے کی کل لاگت	**1,440,327**

11.4۔ درکار زمین (SPACE REQUIREMENT)

درکار زمین پیداواری ضرورت، انتظامی اور ذخیرہ کے مطابق چاہیے ہوگی، حالانکہ قائم شدہ کارخانے کسی مستقل منصوبے کے مطابق نہیں بنے ہوئے۔ منصوبہ کیلئے درکار جگہ کی تفصیل جدول نمبر 4 میں دکھائی گئی ہے۔

جدول نمبر 4: درکار زمین

درکار جگہ	مربع فٹ
دفتر کی عمارت	150
پیداواری جگہ	900
گودام	3,000
کھلی جگہ	450
کل جگہ	**4,500**

خیال کیا جاتا ہے کہ درکار جگہ 30,000 روپے ماہانہ کرائے پر لی جائے گی۔

11.5۔ مشینری اور آلات (MACHINERY & EQUIPMENT)

مجوزہ نمک کی مصنوعات بنانے کے لیے درج ذیل جدول میں مشینری اور آلات کی فہرست دی گئی ہے۔

جدول نمبر 5: مشینری اور آلات

مندرجات	مقدار	ریٹ (روپے)	کل لاگت (روپے)
کٹر 24 انچ	1	60,000	60,000
لیتھ مشین 5 فٹ	2	250,000	500,000
گرائنڈر	4	10,000	40,000
سپیشل ڈرل مشین 3 فٹ	1	20,000	20,000
دستی ڈرل	4	3,000	12,000
بلور	2	8,500	17,000
بجلی تنصیب و دیگر آلات	1	75,000	75,000
کل لاگت	**15**		**724,000**

نمک کی مصنوعات بنانے کے لیے بڑے ٹکڑوں کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ لیا جاتا ہے پھر لیتھ مشین کے ذریعے ان ٹکڑوں کو شمع دان یا لیمپ کی شکل دے دی جاتی ہے۔ گرینڈر اور ڈرل مشین کی مدد سے ان مصنوعات کی آرائش کی جاتی ہے۔قدرتی اشکال والی مصنوعات کو دستی گرائنڈر اور ڈرل کے ذریعے بنایا جاتا ہے۔اس کام کے لیے کاریگروں کا ماہر ہونا نہایت ضروری ہے۔

11.6۔ فرنیچر و دفتری آلات (FURNITURE & OFFICE EQUIPMENT)

مندرجہ ذیل جدول میں دفتری ساز و سامان کی تفصیل دی گئی ہے۔

جدول نمبر 6: فرنیچر و دفتری لوازمات

مندرجات	مقدار	ریٹ (روپے)	کل (روپے)
کمپیوٹر	1	25,000	25,000
یو پی ایس (UPS)	1	10,000	10,000
پرنٹر	1	15,000	15,000
ٹیلی فون سیٹ	1	1,000	1,000
دفتری میز	2	7,500	15,000
سٹول	5	2,500	12,500
کرسیاں	2	5,000	10,000
سٹیل کی الماری	1	12,000	12,000
کام کی میز	2	10,000	20,000
کل			**120,500**

11.7۔ درکار خام مال (RAW MATERIAL REQUIREMENTS)

اس منصوبے کیلئے درکار خام نمک کھیوڑہ، کالا باغ اور ورچھا کی کانوں سے لایا جاتا ہے۔خام مال کا حساب 4 مصنوعات کی پیداوار کو سامنے رکھتے ہوئے 20 فیصد اس کی قیمت فروخت پر فرض کیا گیا ہے۔

11.8۔ درکار افرادی قوت (HUMAN RESOURCE REQUIREMENT)

درکار افرادی قوت کی تفصیل جدول نمبر 8 میں دکھائی گئی۔

جدول نمبر 7: درکار افرادی قوت

مندرجات	ملازمین کی تعداد	ماہانہ تنخواہ فی ملازم (روپے)
مالک/ منیجر	1	20,000
اکاؤنٹنٹ	1	12,000
مشین مین	3	12,000
ہیلپر	6	10,000
کل عملہ	**11**	

نوٹ: سمیڈا کی جانب سے پرائم یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جا رہی ہیں

مالک کی ذمہ داری مال بیچنا، معیاری نمک کی خریداری اور پیداواری یونٹ کے انتظامی امور کو چلانا ہے۔ یہ یونٹ 8 گھنٹے میں تقریباً 400 مصنوعات بنانے کی صلاحیت رکھے گا۔ ملازمین کی تنخواہوں میں سالانہ 10 فیصد کے حساب سے اضافہ کیا جائے گا۔

11.9۔ آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار (REVENUE GENERATION)

مجوزہ منصوبے کی پہلے سال کی متوقع آمدنی جدول نمبر 9 میں دکھائی گئی۔

جدول نمبر 8: آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار

مصنوعات	قیمت فروخت فی یونٹ (روپے)	پہلے سال کی پیداوار (یونٹ)	پہلے سال کی متوقع آمدنی (روپے)
نمک کے لیمپ (2-4 kg)	78	12,000	936,000
شمع دان (1-2 kg)	39	12,000	468,000
نمک کا صابن (0.4-0.6 kg)	13	12,000	156,000
قدرتی اشکال (3-4 kg)	91	24,000	2,184,000
کل آمدن		**60,000**	**3,744,000**

11.10۔ متفرق لاگتیں (OTHER COSTS)

دیگر اخراجات کی مد میں کاروبار کو بجلی اور مواصلاتی اخراجات برداشت کرنے پڑیں گے۔

12۔ ماہرین و مشیران (CONTACT DETAILS OF SUPPLIERS, EXPERTS/CONSULTANTS)

ڈائریکٹر جنرل مائن اینڈ منرل ڈیپارٹمنٹ گورنمنٹ آف پنجاب، پونچھ ہاؤس، ملتان روڈ لاہور فون: 042-99213313	پاکستان سٹون ڈیویلپمنٹ کمپنی 2nd فلور، اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری بلڈنگ ایریا G-8/1 اسلام آباد، پاکستان فون: +92-51-9263645-7 +92-51-9261633-36

13۔ ضمیمہ جات (ANNEXURES)

13.1۔آمدن کا گوشوارہ (INCOME STATEMENT)

Calculations — **SMEDA**

Income Statement

	Year 1	Year 2	Year 3	Year 4	Year 5	Year 6	Year 7	Year 8	Year 9	Year 10
Revenue	3,744,000	4,530,240	5,436,288	6,478,243	7,674,227	9,044,624	10,612,359	12,403,195	14,446,074	16,773,497
Cost of sales										
Raw Material Cost	748,800	906,048	1,087,258	1,295,649	1,534,845	1,808,925	2,122,472	2,480,639	2,889,215	3,354,699
Labor Cost	1,296,000	1,568,160	1,881,792	2,242,469	2,656,463	3,130,831	3,673,509	4,293,414	5,000,564	5,806,210
Machinery Maintenance	150,000	181,500	217,800	259,545	307,461	362,365	425,175	496,923	578,769	672,015
Electricity Cost	224,561	271,719	326,063	388,558	460,292	542,487	636,518	743,930	866,460	1,006,056
Total cost of sales	2,419,361	2,927,427	3,512,912	4,186,221	4,959,061	5,844,608	6,857,673	8,014,906	9,335,008	10,838,981
Gross Profit	1,324,639	1,602,813	1,923,376	2,292,023	2,715,165	3,200,016	3,754,686	4,388,289	5,111,066	5,934,516
General administration & selling expenses										
Administration expense	240,000	264,000	290,400	319,440	351,384	386,522	425,175	467,692	514,461	565,907
Building rental expense	360,000	396,000	435,600	479,160	527,076	579,784	637,762	701,538	771,692	848,861
Electricity expense	22,882	25,170	27,687	30,456	33,502	36,852	40,537	44,591	49,050	53,955
Travelling expense	74,880	90,605	108,726	129,565	153,485	180,892	212,247	248,064	288,921	335,470
Communications expense (phone, fax, mail, internet, etc.)	48,000	52,800	58,080	63,888	70,277	77,304	85,035	93,538	102,892	113,181
Office expenses (stationary, entertainment, janitorial services, etc.)	60,000	66,000	72,600	79,860	87,846	96,631	106,294	116,923	128,615	141,477
Promotional expense	50,000	55,000	60,500	66,550	73,205	80,526	88,578	97,436	107,179	117,897
Depreciation expense	89,550	89,550	89,550	89,550	89,550	92,368	92,368	92,368	92,368	92,368
Amortization of pre-operating costs	4,000	4,000	4,000	4,000	4,000	-	-	-	-	-
Subtotal	949,312	1,043,125	1,147,143	1,262,469	1,390,324	1,530,879	1,687,996	1,862,150	2,055,180	2,269,117
Operating Income	375,327	559,688	776,232	1,029,554	1,324,841	1,669,137	2,066,690	2,526,139	3,055,886	3,665,398
Other income (interest on cash)	0	-	-	-	-	-	-	-	-	-
Gain / (loss) on sale of office equipment	-	-	-	-	20,400	-	-	-	-	
Earnings Before Interest & Taxes	375,327	559,688	776,232	1,029,554	1,345,241	1,669,137	2,066,690	2,526,139	3,055,886	3,665,398
Interest expense on long term debt (Project Loan)	107,592	98,501	86,554	73,614	59,601	44,424	27,988	10,187	-	-
Interest expense on long term debt (Working Capital Loan)	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-
Subtotal	107,592	98,501	86,554	73,614	59,601	44,424	27,988	10,187	-	-
Earnings Before Tax	267,735	461,187	689,679	955,940	1,285,641	1,624,713	2,038,702	2,515,951	3,055,886	3,665,398
Tax	-	6,119	28,968	65,891	115,346	172,442	255,240	351,488	486,471	638,849
NET PROFIT/(LOSS) AFTER TAX	**267,735**	**455,068**	**660,711**	**890,049**	**1,170,295**	**1,452,271**	**1,783,462**	**2,164,464**	**2,569,415**	**3,026,549**

نوٹ: سمیڈا کی جانب سے پرائم یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جا رہی ہیں

13.2۔اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (BALANCE SHEET)

Calculations | **SMEDA**

Balance Sheet

	Year 0	Year 1	Year 2	Year 3	Year 4	Year 5	Year 6	Year 7	Year 8	Year 9	Year 10
Assets											
Current assets											
Cash & Bank	102,527	291,254	542,359	929,970	1,479,878	2,228,325	3,157,754	4,296,204	5,665,863	7,508,083	14,411,735
Accounts receivable		153,863	170,019	204,792	244,819	290,804	343,538	403,911	472,922	551,697	641,498
Equipment spare part inventory	12,500	15,881	20,010	25,038	31,143	38,540	47,481	58,268	71,259	86,876	-
Raw material inventory	340,800	453,605	598,758	784,872	1,022,749	1,325,921	1,711,322	2,200,119	2,818,740	3,600,158	-
Pre-paid building rent	120,000	132,000	145,200	159,720	175,692	193,261	212,587	233,846	257,231	282,954	-
Total Current Assets	575,827	1,046,603	1,476,347	2,104,392	2,954,282	4,076,851	5,472,682	7,192,348	9,286,015	12,029,768	15,053,233
Fixed assets											
Machinery & equipment	724,000	651,600	579,200	506,800	434,400	362,000	289,600	217,200	144,800	72,400	-
Furniture & fixtures	69,500	62,550	55,600	48,650	41,700	34,750	27,800	20,850	13,900	6,950	-
Office equipment	51,000	40,800	30,600	20,400	10,200	65,090	52,072	39,054	26,036	13,018	-
Total Fixed Assets	844,500	754,950	665,400	575,850	486,300	461,840	369,472	277,104	184,736	92,368	-
Intangible assets											
Pre-operation costs	20,000	16,000	12,000	8,000	4,000	-	-	-	-	-	-
Total Intangible Assets	20,000	16,000	12,000	8,000	4,000	-	-	-	-	-	-
TOTAL ASSETS	**1,440,327**	**1,817,553**	**2,153,747**	**2,688,242**	**3,444,582**	**4,538,691**	**5,842,155**	**7,469,452**	**9,470,751**	**12,122,136**	**15,053,233**
Liabilities & Shareholders' Equity											
Current liabilities											
Accounts payable		109,491	134,568	164,250	199,379	240,955	290,175	348,474	417,574	499,544	404,093
Total Current Liabilities	-	109,491	134,568	164,250	199,379	240,955	290,175	348,474	417,574	499,544	404,093
Other liabilities											
Deferred tax		-	-	-	-	-	-	-	-	-	-
Long term debt (Project Loan)	1,296,294	1,296,294	1,152,344	996,445	827,608	644,756	446,728	232,264	-	-	-
Total Long Term Liabilities	1,296,294	1,296,294	1,152,344	996,445	827,608	644,756	446,728	232,264	-	-	-
Shareholders' equity											
Paid-up capital	144,033	144,033	144,033	144,033	144,033	209,123	209,123	209,123	209,123	209,123	209,123
Retained earnings		267,735	722,803	1,383,514	2,273,563	3,443,857	4,896,128	6,679,590	8,844,054	11,413,469	14,440,018
Total Equity	144,033	411,768	866,835	1,527,547	2,417,595	3,652,980	5,105,251	6,888,713	9,053,177	11,622,592	14,649,141
TOTAL CAPITAL AND LIABILITIES	**1,440,327**	**1,817,553**	**2,153,747**	**2,688,242**	**3,444,582**	**4,538,691**	**5,842,155**	**7,469,452**	**9,470,751**	**12,122,136**	**15,053,233**

نوٹ: سمیڈا کی جانب سے پرائم یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جا رہی ہیں

13.3۔ گردشِ نقد کا گوشوارہ (CASH FLOW STATEMENT)

Calculations — **SMEDA**

Cash Flow Statement

	Year 0	Year 1	Year 2	Year 3	Year 4	Year 5	Year 6	Year 7	Year 8	Year 9	Year 10
Operating activities											
Net profit		267,735	455,068	660,711	890,049	1,170,295	1,452,271	1,783,462	2,164,464	2,569,415	3,026,549
Add: depreciation expense		89,550	89,550	89,550	89,550	89,550	92,368	92,368	92,368	92,368	92,368
amortization of pre-operating costs		4,000	4,000	4,000	4,000	4,000	-	-	-	-	-
Accounts receivable		(153,863)	(16,156)	(34,773)	(40,027)	(45,985)	(52,734)	(60,373)	(69,012)	(78,775)	(89,801)
Equipment inventory	(12,500)	(3,381)	(4,129)	(5,028)	(6,105)	(7,397)	(8,941)	(10,787)	(12,990)	(15,618)	86,876
Raw material inventory	(340,800)	(112,805)	(145,154)	(186,114)	(237,877)	(303,172)	(385,401)	(488,796)	(618,622)	(781,417)	3,600,158
Pre-paid building rent	(120,000)	(12,000)	(13,200)	(14,520)	(15,972)	(17,569)	(19,326)	(21,259)	(23,385)	(25,723)	282,954
Accounts payable		109,491	25,076	29,683	35,129	41,576	49,220	58,299	69,100	81,970	(95,452)
Cash provided by operations	(473,300)	188,727	395,056	543,509	718,746	931,298	1,127,457	1,352,915	1,601,923	1,842,220	6,903,652
Financing activities											
Project Loan - principal repayment		-	(143,951)	(155,898)	(168,838)	(182,851)	(198,028)	(214,464)	(232,264)	-	-
Additions to Project Loan	1,296,294	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-
Additions to Working Capital Loan	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-
Issuance of shares	144,033	-	-	-	-	65,090	-	-	-	-	-
Cash provided by / (used for) financing activities	1,440,327	-	(143,951)	(155,898)	(168,838)	(117,761)	(198,028)	(214,464)	(232,264)	-	-
Investing activities											
Capital expenditure	(864,500)	-	-	-	-	(65,090)	-	-	-	-	-
Cash (used for) / provided by investing activities	(864,500)	-	-	-	-	(65,090)	-	-	-	-	-
NET CASH	**102,527**	**188,727**	**251,105**	**387,611**	**549,908**	**748,446**	**929,429**	**1,138,451**	**1,369,659**	**1,842,220**	**6,903,652**

نوٹ: سمیڈا کی جانب سے پرائم یوتھ بزنس لون سے متعلق تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

13.4۔ سودمند انتظامی تجاویز (USEFUL MANAGEMENT TIPS)

ٹیکنالوجی:

اس کاروبار کے لئے خراد مشین اور کٹروں کی ضرورت ہوتی ہے جو کہ کسی مناسب برانڈ کی ہونی چاہئیں تا کہ مصنوعات بناتے وقت ان کو خوبصورتی سے بنایا جا سکے۔

منڈی کی رسائی اور فراہمی

اس تجویز شدہ نمک کے کارخانے سے تیار شدہ مصنوعات کو عام طور سے یورپی ممالک مثلاً انگلستان، جرمنی، اٹلی، فرانس اور سپین وغیرہ کے علاوہ ایشائی ممالک مثلاً کوریا، جاپان اور براعظم آسٹریلیا میں بھی برآمد کیا جا سکتا ہے۔

افرادی قوت

مذکورہ کاروبار میں عملہ کا کردار سب سے اہم ہے۔ اچھے ملازمین کی وجہ سے یہ کاروبار براہ راست نفع اور نقصان کی طرف جا سکتا ہے۔ ان ملازمین کو اچھی کارکردگی پر انعام و اکرام اور تنخواہوں میں سالانہ اضافہ نہایت اہم ثابت ہو سکتا ہے۔

13.5۔ کارآمد روابط (USEFUL LINKS)

☆...... Prime Minister's Office, www.pmo.gov.pk

☆...... Small and Medium Enterprise Development Authority, www.smeda.org.pk

☆...... National Bank of Pakistan (NBP), www.nbp.com.pk

☆...... First Women Bank Limited (FWBL), www.fwbl.com.pk

☆...... Government of Pakistan, www.pakistan.gov.pk

☆...... Ministry of Industries & Production, www.moip.gov.pk

☆...... Ministry of Education, Training & Standards in Higher Education, http://moptt.gov.pk

☆...... Government of Punjab, www.punjab.gov.pk

☆...... Government of Sindh, www.sindh.gov.pk

☆...... Government of Khyber Pakhtunkhwa, www.khyberpakhtunkhwa.gov.pk

☆...... Government of Balochistan, www.balochistan.gov.pk

☆...... Government of Gilgit Baltistan, www.gilgitbaltistan.gov.pk

☆...... Government of Azad Jamu Kashmir, www.ajk.gov.pk

☆...... Trade Development Authority of Pakistan (TDAP), www.tdap.gov.pk

☆...... Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), www.secp.gov.pk

☆...... Federation of Pakistan Chambers of Commerce and Industry (FPCCI), www.fpcci.com.pk

☆...... State Bank of Pakistan (SBP), www.sbp.org.pk

☆...... Punjab Mineral Development Corporation (PMDC) www.punjmin.com

14۔ کلیدی مفروضے (KEY ASSUMPTIONS)

جدول نمبر 9: مشینری کے متعلق مفروضے

پہلے سال قابل استعمال استعداد کار	50فیصد
زیادہ سے زیادہ قابلِ استعمال استعداد کار	95فیصد
کل مستقل پیداوار (فی 8 گھنٹہ)	300

جدول نمبر 10: عملی مفروضے

سالانہ پیداواری صلاحیت	120,000
یومیہ کام کے گھنٹے	8
ماہانہ عملی دن	25
شفٹ کی تعداد	1
سالانہ عملی دن	300

جدول نمبر 11: معاشی مفروضے

بجلی اور ایندھن کی شرح میں اضافہ	10 فیصد
تنخواہ کی شرح میں اضافہ	10 فیصد

جدول نمبر 12: گردش نقد کے متعلق مفروضے

قابل وصول واجبات (دنوں میں)	15
قابل ادا واجبات (دنوں میں)	15
خام مال سٹاک (دنوں میں)	60
لوازمات اور سپیئر پارٹس سٹاک (دنوں میں)	30

جدول نمبر 13: آمدن سے متعلق مفروضے

پیداواری استعداد	120,000
قیمت فروخت کی شرح میں اضافہ	10 فیصد
مقامی فروخت	100 فیصد

جدول نمبر 14: اخراجات سے متعلق مفروضے

عمارت کا پیشگی کرایہ	4ماہ
کرایہ کی شرح میں اضافہ	10 فیصد
خام مال کی شرح میں اضافہ	10 فیصد
مواصلاتی اخراجات	4,000روپے ماہانہ
تشہیری اخراجات	50,000روپے سالانہ

جدول نمبر 15: مالیاتی مفروضے

منصوبہ کی مدت	10 سال
بینک کا قرضہ	90 فیصد
ذاتی سرمایہ	10 فیصد
شرح منافع	8 فیصد
سالانہ قرضہ کی اقساط	12
قرضہ کا دورانیہ	8 سال
رعائتی مدت	1 سال